فوری ریلیز کے لیے: 13/6/2025 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ 2026 میں بیلمونٹ اسٹیکس ریسنگ فیسٹیول کی رونقیں سراٹوگا میں واپس آئیں گی

سراٹوگا میں فاننل بیلمونٹ اسٹیکس ہی نئے سرے سے تخلیق شدہ بیلمونٹ پارک میں شاندار افتتاح نو اور 2027 کے بریڈرز کپ کے لیے راستہ ہموار کرتا ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور نیو یارک ریسنگ ایسوسی ایشن، انکارپوریٹڈ (New York Racing Association, Inc, NYRA) نے آج اعلان کیا ہے کہ جون 2026 میں بیلمونٹ اسٹیکس ریسنگ فیسٹیول (Belmont Stakes Racing Festival) تاریخی سراٹوگا ریس کورس (Saratoga Race Course) میں ایک تیسرے اور آخری سال کے لیے واپس دوبارہ منعقد کیا جائے گا تاکہ ایلمنٹ، N.Y میں نئے بیلمونٹ پارک کی بروقت اور بلا رکاوٹ تعمیر ممکن بنائی جا سکے۔

"نیو یارک عالمی معیار کی اسپورٹس اور تفریح کا مرکز ہے اور سراٹوگا ریس کورس میں بیلمونٹ اسٹیکس کا یہ آخری باب ہماری ریسنگ کی شاندار روایت کو خراج تحسین پیش کرتا ہے جبکہ بیلمونٹ پارک میں ایک جرات مندانہ، نئے مستقبل کی راہ ہموار کرتا ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "اگلے سال ریس کو سراٹوگا میں دوبارہ واپس لانے سے ٹرپل کراؤن (Triple Crown) کے اس تاریخی مرحلے کے حاضرین میں ایک بار پھر اضافہ ہو گا اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ شائقین بھرپور تجربے سے لطف اندوز ہوتے رہیں۔"

یہ اعلان حال ہی میں اختتام پذیر ہونے والے 2025 بیلمونٹ اسٹیکس ریسنگ فیسٹیول کے بعد سامنے آیا ہے، جس کی نمایاں بات Sovereignty کی فتح تھی جو ہفتہ کے روز ہونے والی 157ویں گریڈ 1 ($2 ،1(Grade ملین مالیت کی بیلمونٹ اسٹیکس دوڑ میں سامنے آئی، جسے NYRA Bets نے پیش کیا تھا۔

نئے سرے سے تخلیق شدہ بیلمونٹ پارک اب بھی اپنے شیڈول کے مطابق ستمبر 2026 میں عوام کے لیے کھولے جانے کی راہ پر گامزن ہے۔ اگرچہ NYRA نے پہلے یہ امکان باقی رہنے دیا تھا کہ ایک جزوی طور پر مکمل سہولت گاہ میں محدود تعداد میں شائقین کے ساتھ بیلمونٹ اسٹیکس کی میزبانی کی جا سکتی ہے، تاہم 2026 میں بیلمونٹ اسٹیکس ریسنگ فیسٹیول کو سراٹوگا ریس کورس منتقل کرنے کے فیصلے سے اس تقریب کو ان پابندیوں سے بچایا جا سکے گا جو تعمیراتی عمل کی بنا پر درپیش تھیں۔

نیو یارک ریسنگ ایسوسی ایشن (New York Racing Association) کے صدر اور CEO Dave O'Rourke (ڈیوو او رورک) نے کہا، "سراٹوگا نے لانگ آئی لینڈ میں نئے بیلمونٹ پارک کی تعمیر کے دوران بیلمونٹ اسٹیکس کے عارضی میزبان کے طور پر ہمارے شائقین اور اسٹیک ہولڈرز کی شاندار میزبانی کی ہے۔ جیسے کہ ہم 2026 کے موسمِ خزاں میں نئے بیلمونٹ پارک کے افتتاح کی تیاری کر رہے ہیں، NYRA کو خوشی ہے کہ وہ بیلمونٹ اسٹیکس کو آئندہ جون میں تیسری اور آخری بار سراٹوگا لا رہا ہے۔ بیلمونٹ پارک ہمیشہ بیلمونٹ اسٹیکس کا گھر رہے گا اور ہم 2027 میں نئے سرے سے تخلیق شدہ بیلمونٹ میں اس کی واپسی کے منتظر ہیں۔"

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development) کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight (ہوپ نائٹ) نے کہا، "گزشتہ دو سال سے سراٹوگا ریس کورس میں بیلمونٹ اسٹیکس فیسٹیول کے انعقاد سے نئے لوگوں اور سیاحوں کو سراٹوگا اسپرنگز (Saratoga Springs) سے متعارف کروایا جا رہا ہے، جس کے نتیجے میں مقامی کاروباری اداروں اور بالائی ریاست کی سیاحت کو فائدہ ہو رہا ہے۔ سراٹوگا کو تیسری مرتبہ ٹرپل کراؤن کی دوڑ کے تیسرے مرحلے کی میزبانی کا موقع تفویض کرتے ہوئے، اس منفرد موقع سے مزید شائقین متاثر ہوں گے اور وہ اس جوش، تاریخ اور شان و شوکت کو خود دیکھنے کی خاطر سفر کی منصوبہ بندی کریں گے۔"

ریاستی سینیٹر Joseph P. Addabbo, Jr. (جوزف پی اڈابو) نے کہا، "بیلمونٹ اسٹیکس ریسنگ فیسٹیول کو 2026 میں ایک بار پھر سراٹوگا لانے کے فیصلے سے روایت کو برقرار رکھنے اور بیلمونٹ پارک کی کامیاب جدت کاری کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ اس عبوری مدت کے دوران اعلیٰ معیار کی ریسنگ ممکن بنائی گئی، سراٹوگا کی معیشت کو فروغ ملا، اور گھڑ دوڑ کے شائقین کا تجربہ بہتر بنایا گیا۔ میں 2027 میں جدید بیلمونٹ پارک کے دوبارہ شاندار افتتاح کا منتظر ہوں اور ریاست پر ریسنگ کی ان اہم تقریبات کے مرتب ہونے والے بدستور جاری معاشی اور سماجی اثرات کو سراہتا ہوں۔"

رکن اسمبلی Carrie Woerner (کیری وورنر) نے کہا، "سراٹوگا اسپرنگز اور سراٹوگا ریس کورس نے دو کامیاب بیلمونٹ اسٹیکس ریسنگ فیسٹیولز کی میزبانی کی ہے، اور ہمیں خوشی ہے کہ ہم ایک بار پھر ٹرپل کراؤن کی ریس کے تیسرے سنسنی خیز مرحلے کی میزبانی کر رہے ہیں۔ جب نئے سرے سے تخلیق شدہ بیلمونٹ پارک کھلے گا، تو نیو یارک جدید ترین اور سب سے تاریخی تھورو بریڈ (Thoroughbred) ریس ٹریکس کا گھر ہو گا۔ میں پہلے ہی اگلے سال اور ریاست میں اس روایتی کھیل کے روشن مستقبل کی منتظر ہوں۔"

سراٹوگا کاؤنٹی بورڈ برائے سپروائزرز (Saratoga County Board of Supervisors) کے چیئرمین اور ٹاؤن آف کلفٹن پارک (Town of Clifton Park) کے سپروائزر Phil Barrett (فِل بیریٹ) نے کہا، "سراٹوگا کاؤنٹی نے بیلمونٹ اسٹیکس کے ساتھ منعقد ہونے والی تقریبات کی معاونت کے لیے کئی تنظیموں کے ساتھ فخر کے ساتھ شراکت داری کی ہے۔ ہمیں بیلمونٹ کی میزبانی پر فخر ہے اور اس تقریب کی وجہ سے لوگ ہماری کاؤنٹی کی جانب راغب ہوئے ہیں، جس کے نتیجے میں ہمیں اپنے تفریحی، ثقافتی، اور تاریخی مقامات کو اجاگر کرنے کا موقع ملا ہے۔ ہم NYRA اور شراکت دار تنظیموں کے ساتھ مل کر 2026 کی منصوبہ بندی کا آغاز کریں گے تاکہ بہترین ممکنہ تجربہ فراہم کیا جا سکے!"

سٹی آف سراٹوگا اسپرنگز کے میئر John Safford (جان سیفورڈ) نے کہا، "گزشتہ دو سالوں کے دوران بیلمونٹ کی میزبانی کرنا سراٹوگا اسپرنگز کے لیے ایک اعزاز اور امتیاز رہا ہے۔ NYRA، چیمبر (Chamber)، ڈسکور سراٹوگا (Discover Saratoga)، اور کمیونٹی کے دیگر پرعزم شراکت داروں کے درمیان مثالی تعاون نے ہمارے شہر کی سیاحت کرنے والے تمام افراد کے لیے ایک یادگار تجربہ فراہم کیا ہے۔ ہمیں ان مضبوط شراکت داریوں کو جاری رکھنے اور 2026 میں سراٹوگا میں بیلمونٹ کے ایک اور سال کا خیرمقدم کرنے پر خوشی ہے۔"

سراٹوگا کاؤنٹی چیمبر آف کامرس (Saratoga County Chamber of Commerce) کے صدر Todd Shimkus (ٹوڈ شِمکس) نے کہا، "نئے بیلمونٹ پارک کی تعمیر کے دوران بیلمونٹ اسٹیکس کے نگران کے طور پر خدمات انجام دینا مقامی اور علاقائی کمیونٹی کے لیے ایک اعزاز رہا ہے، اور یہ کام ایک آخری سال کے لیے دوبارہ انجام دینے کی خاطر ہم بہت خوش ہیں۔ چیمبر اور ہمارے شراکت دار پہلے ہی 2026 میں بیلومنٹ اسٹیکس ریسنگ فیسٹیول کی حمایت کے لیے تیسرے بیلمونٹ آن براڈوے افتتاحی کنسرٹ کی منصوبہ بندی پر کام کر رہے ہیں۔"

سراٹوگا اقتصادی ترقیاتی کارپوریشن (Saratoga Economic Development Corporation) کے صدر Greg Connors (گریگ کونرز) نے کہا، "سراٹوگا کاؤنٹی میں، ہم گورنر اور NYRA کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے 2026 میں بیلمونٹ اسٹیکس ریسنگ فیسٹیول کو ایک بار پھر سراٹوگا لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس فیصلے سے نہ صرف سراٹوگا بلکہ پورے دار الحکومتی علاقے کی معیشت پر خاطر خواہ اثر پڑے گا۔ تاریخی طور پر، روایتی سراٹوگا ملاقات سے مقامی معیشت میں یومیہ اندازاً $9M ڈالرز کا حصہ شامل ہوتا ہے۔ حکومت، کاروباری

ادارے اور کمیونٹی ڈویلپمنٹ میں ہمارے شراکت داروں کے ساتھ مل کر ہم گزشتہ 2 سال سے ایک ٹیم کے طور پر کام کر رہے ہیں تاکہ دنیا اور عالمی معیار کی تھوروبریڈ ریسنگ انڈسٹری کا اظہار کر سکیں کہ اس نوعیت کے تاریخی، قومی اور بین الاقوامی دلچسپی کے حامل ہارس ریسنگ ایونٹ کی میزبانی کے لیے سراٹوگا کاؤنٹی اور سراٹوگا اسپرنگز سٹی پوری طرح تیار اور باصلاحیت ہیں۔ دنیا کو بیلمونٹ اسٹیکس ریسنگ فیسٹیول کے لیے سراٹوگا ریس کورس میں خوش آمدید کہنے کے لیے، 2026 میں ایک آخری بار سراٹوگا کاؤنٹی خوشی سے تیار ہے۔"

ڈسکور سراٹوگا کے صدر Darryl Leggieri (ڈیریل لیگیری) نے کہا، "ہم 2026 میں مسلسل تیسرے سال بیلمونٹ اسٹیکس ریسنگ فیسٹیول کو سراٹوگا میں خوش آمدید کہنے پر بے حد پُرجوش ہیں۔ اس علامتی ایونٹ کی میزبانی نہ صرف ایک شاندار اعزاز ہے، بلکہ یہ اس بات کا ثبوت بھی ہے کہ سراٹوگا کاؤنٹی میں قومی سطح کی بڑی تقریبات کو بحفاظت اور کامیابی سے منعقد کرنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے۔ بیلمونٹ اسٹیکس ہماری مقامی معیشت کو نمایاں فروغ دیتی ہے اور ہماری کمیونٹی، چھوٹے کاروباری اداروں، اور سراٹوگا کی عالمی معیار کی میزبانی کو بھرپور نمایاں کرتی ہے۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل) اور نیو یارک ریسنگ ایسوسی ایشن کے شکر گزار ہیں کہ وہ سراٹوگا کو ریسنگ اور سیاحت کے لیے ایک اعلیٰ مقام سمجھتے ہوئے اس پر مسلسل اعتماد کر رہے ہیں۔"

NYRA Bets کے تحت پیش کردہ 2026 بیلمونٹ اسٹیکس بروز ہفتہ، 6 جون کو پیش کیا جائے گا۔ یہ ریس 2026 میں ایک بار پھر 1.25 میل کے فاصلے پر ہو گی، جو کہ روایتی 1.5 میل سے کم ہے اور سراٹوگا کے مرکزی ٹریک کی ساخت ہی اس کی وجہ ہے۔

آنے والے ہفتوں میں، سراٹوگا ریس کورس میں ایک خصوصی 4 جولائی والے ریسنگ فیسٹیول کی میزبانی کی جائے گی، جو عام طور پر بیلمونٹ پارک میں منعقد ہوتا ہے۔ یہ چار روزہ تقریب، جمعرات 3 جولائی سے اتوار 6 جولائی تک جاری رہے گی، اور 40 دن کی روایتی سراٹوگا ملاقات کا پیش خیمہ ہو گی، جو جمعرات 10 جولائی سے شروع ہو کر یومِ مزدور، پیر 1 ستمبر تک جاری رہے گی۔ ریاست نیو یارک اور NYRA کی جانب سے اس وقت بیلمونٹ پارک کی از سر نو تعمیر کی جا رہی ہے، جس میں $455 ملین کا سرمایہ جاتی تعمیراتی پروجیکٹ شامل ہے جو اس سہولت گاہ کو عالمی معیار کی ریسنگ اور تفریحی منزل میں تبدیل کر دے گا۔

گزشتہ ماہ، گورنر Hochul (ہوکل) نے اعلان کیا کہ بیلمونٹ پارک 2027 میں بیس سال بعد پہلی بار Breeders' Cup کی میزبانی کرے گا۔ یہ پانچواں موقع ہو گا جب نیو یارک Breeders' Cup کی میزبانی کرے گا—اس سے قبل یہ ایونٹ 1990، 1995، 2001، اور 2005 میں منعقد ہو چکا ہے۔ بیلمونٹ پارک میں بریڈرز کپ 29-30 اکتوبر، 2027 کو منعقد ہوگا۔ ریس کی تمام تاریخیں ریاست نیو یارک کے گیمنگ کمیشن (New York State Gaming Commission) کی منظوری کی منتظر ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، belmontstakes.com ملاحظہ کریں۔

نیو یارک ریسنگ ایسوسی ایشن انکارپوریٹڈ کے بارے میں
NYRA بغیر منافع کام کرنے والی ایک تنظیم ہے جسے ریاست نیو یارک نے ایکویڈکٹ ریس ٹریک، بیلمونٹ پارک اور سراٹوگا ریس کورس میں اعلی نسل کے گھوڑوں کی ریسنگ کروانے کے لیے فرنچائز کیا ہوا ہے۔ NYRA کے ٹریکس ریاست نیو یارک کی گھڑ دوڑ سے منسلک معیشت کے اہم سنگ بنیاد ہیں، اور اس سے 19,000 ملازمتیں وجود میں آتی ہیں اور پوری ریاست میں $3 بلین سے زیادہ کے سالانہ اقتصادی اثرات جنم لیتے ہیں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں